Music By O. P. Nayyar

صادق پروڈکشنز کا پیش کردہ

مسٹر کارٹون

ایم۔ اے

ادا کاران

جانی واکر۔ شیاما۔ چاند عثمانی۔

راجندر ... ۔

جون ۔

قیمت ۱ر

رتن اینڈ کو بکسیلرز دریبہ کلاں دھلی

دُنیا رنگ رنگیلی کے گانے

گانا نمبر ۱

لڑکا:- مجھ کو نہ کوئی غم مجھ کو نہ کوئی غم
ظالم مجھے آ رے کے چلیں دِل میں چھپا کے ہم

لڑکی:- او میرے جانِ جاں کہتا دِلِ جوان
ہو پیار کی دُنیا جہاں رے چلیں مجھے وہاں
تو میری ہنسی ہے تو میری خوشی
ہے تیرے لئے میری زندگی
یہ ارماں یہ طوفاں یہ دِل کی لگی

لڑکا:- مجھ کو نہ کوئی غم ———

لڑکی:- او میرے جانِ جاں ———

لڑکا:- اُٹھ گئی جدھر یہ تیری نظر
کھِل گئے دُور تک اُدھر چمن
ہے کتنا سہانا ہمارا سفر

لڑکی:- او میرے جانِ جاں ...

لڑکا:- مجھ کو نہ کوئی غم ———

لڑکی:- تیرے پیار کا کر تو وں یقیں
ٹوٹ نہ جائے گا ہائے رے کہیں
یہ تیرے اِشارے ہیں کتنے حسیں

گانا نمبر ۲

تم سے دل کیا لگایا گئے کام سے
ہچکی آنے لگی عشق کے نام سے
سب سے پٹواؤ یا خود سزا دو ہمیں
بس میری جان اتنا بتا دو ہمیں
تم خفا تو نہیں اپنے گلفام سے
لے کے دل تم تو سچ مچ ستانے لگے
خواب میں آکے ہم کو ڈرانے لگے
کم سے کم پہلے تو سوتے تھے آرام سے
رات بھر جب تیرے غم میں جاگے تھے ہم
گھر تو گھر شہر تک چھوڑ بھاگے تھے ہم
لوٹ آئے مگر جا کے زنلام سے
تم سے دل ——

گانا نمبر ۳

راما:- سیاں کیوں آئی مجھے انگڑائی ہائے یہ کیسی نظر ملائی
شیلم:- کمائے اب ہائے یہ تنہائی مار ڈالے نہ تیری جدائی
تیرے بن رہا نہیں جائے پیار یہ تیرا مجھ کو بلائے
رادھا:- سنئے کب بات چھپا ہرجائی
بول یہ کیسی لگن لگائی
کبھی شرماؤں کبھی گھبراؤں
بات میں دل کی کہاں بتاؤں

شیام:۔ کیسے راز نظر شرما کے ہائے رے ظالم تیری دوہائی
کھیلے جگ نیل گگن پہ تارے
آن کے ملنا ندی کنارے
رادھا:۔ نہیں غم آج جو ہو رسوائی
پیار کی اب تو قسم ہے کھائی

گانا نمبر ۶

وہ جو چاہنے والے ہیں تیرے صنم
تجھے ڈھونڈ ہی لیں گے کہیں نہ کہیں
تیرے پیار کی ہم نے کھائی ہے قسم
تجھے....
کیا جو تو نے ہم سے منہ کو چھپا
تیری یہ بھی ظالم ایک ادا
نہیں شوخ اداؤں پہ مرتے ہیں ہم
تجھے....
تیرے کوچے سے آئی جو ٹھنڈی ہوا
اسے روک کر پوچھیں گے تیرا پتہ
نہیں بیٹھنے والے ہیں چین سے ہم
تجھے....
کبھی باغوں میں ڈھونڈے گی تجھ کو نظر
کبھی تاروں سے پوچھیں گے تیری خبر
..یہی ٹھان کے نکلے ہیں تیری قسم

بجے.....

گانا نمبر ۵

سیاں چھوڑ دے موری بہیاں
انکھیں موری پھڑکے ہائے جیدا دھڑکے جن تیرے پیار میں
میرے پیا ہائے میں تو مر گئی
ایسی نظر ڈالی میں تو ڈر گئی
ڈر گئی رے میاں مر گئی رے میاں
سیاں چھوڑ دے.....
بانکی ادا تیری دل میں ڈس گئی
اب تو لگی تیری دل میں بس گئی
بس گئی رے میاں ڈس گئی رے میاں
کیسی خوشی دل پہ ہائے رے چھا گئی
ہنسی میرے لب پر آ گئی
آ گئی رے میاں چھا گئی رے میاں

گانا نمبر ۹

ارے میرا بالم کتنا ظالم
میرا دل لُٹ گیا لُٹ گیا رے
جانے کیا تھی وہ نظر گئی جو دل میں اُتر
اب تو بھولے سے کبھی ہائے دیکھے نہ اِدھر
انکھ کیا تجھ سے لڑی ہو گئی بات بڑی
اب تو کاٹے نہ کٹے تیرے بن ایک گھڑی

تو نے بے درد پیا کیسا جادو یہ کیا
میرے ڈولے رے قدم
میرا دھڑکے رے جیا
ارے میرا بالم کتنا ظالم

گانا نمبر ۵

کیا یہ تو نے کیا اشارہ ابھی ابھی
کہ میرا دل تجھے پکارا ارے ابھی ابھی
یہ تیرا دل یہ میرا دل گیا دل سے دل مل
ظالم بہاروں کی رات آ گئی
ہم کو محبت کی باتیں آ گئیں
یہ تیرا دل یہ میرا دل....
ہونٹوں پہ گاتے افسانے آ گئے
نظروں کے تیکھے نشانے آ گئے
یہ تیرا دل یہ میرا دل....
تو کیا ملا ہے زمانہ مل گیا
جینے کا مجھ کو بہانا مل گیا
یہ تیرا دل یہ میرا دل....
کیا یہ کیا..... ارے ابھی ابھی..

گانا نمبر ۶

وہ جو چاہنے والے ہیں تیرے صنم
تجھے ڈھونڈ ہی لیں گے کہیں نہ کہیں

تیرے پیار کی ہم نے ہے کھائی قسم
تجھے...
وہی دل جو نشانہ ہے تیرے لئے
کہیں کیا کہ دیوانہ ہے تیرے لئے
ہمیں جان سے پیارے ہیں تیرے ستم
تجھے...
ملے یوں تو زمانے میں لاکھ حسیں
کسی ایک میں تیری سی بات نہیں
تیری خاص ادا ہیں ہمیں تجھ میں صنم
تجھے...
چھپے لاکھ تو میرے من میں جانِ جہاں
میرے دل سے بتا جائے گی تو کہاں
تیرے بن نہ جئیں گے نہ تیری قسم
تجھے...

ختم شد

([illegible] پریس دہلی)